روبرکس ماڈل پیپر اسلامیات لازمی۔دہم

حصہ۔الف

Q. No	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
Key	C	B	D	A	D	C	B	A	C	B

وقت: 1 گھنٹے 45 منٹ

حصہ۔ب

نمبر: 24

1۔مندرجہ ذیل میں سے صرف **6** سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے **4** نمبر ہیں۔

1

1۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا: ترجمہ کریں۔ منافق کسے کہتے ہیں؟

POSSIBLE ANSWER

الف) ترجمہ: اے پیغمبر ﷺ! اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا اور کافروں اور منافقوں کا کہنا ماننا بیشک اللہ جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

ب) منافق: وہ شخص جو بظاہر مسلمان ہو لیکن دل میں کفر رکھتا ہو۔

CHECKING HINTS

يَأَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ کا ترجمہ کرنے کا ایک نمبر،

وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ کا ترجمہ کرنے کا ایک نمبر،

انَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر

منافق کی تعریف لکھنے کا ایک نمبر

کل نمبر 4

2

سورۃ الاحزاب میں جن رشتہ داروں سے پردہ نہ کرنے کی اجازت ہے ان میں سے چار کے نام لکھیں۔

POSSIBLE ANSWER

1۔باپ(آبَائِهِنَّ**)،2۔بیٹا(**أَبْنَائِهِنَّ**)،3۔بھائی(**إِخْوَانِهِنَّ**)،4۔بھتیجا(**أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ**)،5۔بھانجا(**أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ**)**

6۔عورتیں(نِسَائِهِنَّ**)،7۔لونڈیاں(**مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ**)**

CHECKING HINTS

ایک رشتے کا نام لکھنے کا ایک نمبر، (چار رشتوں کے نام درکار ہیں)

کل نمبر 4

3

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ترجمہ کریں۔ حدیث مبارکہ کی رُو سے درود شریف پڑھنے کے دو فضائل لکھیں۔

POSSIBLE ANSWER

1۔ترجمہ: اللہ اور اس کے فرشتے پیغمبر ﷺ پر درود بھیجتے ہیں مومنو! تم بھی اُن پر درود اور سلام بھیجا کرو

2۔فضائل درود شریف:

1۔ جس نے مجھ پر ایک بار درود پڑھا اللہ تعالیٰ اس کے لئے رحمت کا ایک دروازہ کھول دیتا ہے۔ (من صلیٰ علی مرۃ فتح اللہ لہ بابا من العافیہ)

2۔ آپ ﷺ نے فرمایا جو آدمی مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔

(مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرًا.(صحیح مسلم)

3۔جو آدمی مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس (مرتبہ) رحمتیں نازل فرمائے گا، اس کے دس گناہوں کو معاف کرے گا اور (تقرب الی اللہ کے سلسلے میں) اس کے دس درجے بلند کرے گا۔

(مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً وَّاحِدَةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلٰواتٍ وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِيْأَتٍ وَرَفَعْتُ لَه، عَشْرُ دَرَجَاتٍ".(رواه النسائی)

4۔ قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ مجھ سے قریب وہ لوگ ہوں گے جو مجھ پر کثرت سے درود پڑھتے ہوں گے۔
(اَوْلَى النَّاسَ بِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرُ هُمْ عَلَيَّ صَلَاةً". (رواه الترمذی)

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر

CHECKING يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر

HINTS ایک فضیلت لکھنے کا ایک نمبر (دو فضائل درکار ہیں)

کل نمبر 4

4 **سورۃ الممتحنہ کے مطابق نبی کریم ﷺ کو مسلمان عورتوں سے جن شرائط پر بیعت کا حکم دیا گیا ہے ان میں سے چار لکھیں؟**

1۔اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں گی۔(أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا)

2۔چوری نہ کریں گی۔(وَلَا يَسْرِقْنَ)

POSSIBLE **3۔بدکاری نہ کریں گی۔(وَلَا يَزْنِينَ)**

ANSWER **4۔اپنی اولاد کو قتل نہ کریں گی۔(وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ)**

5۔کسی پر بہتان نہ باندھیں گی۔/نہ اپنے ہاتھ پاؤں میں کوئی بہتان باندھ لائیں گی(وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ)

6۔نبی اکرم ﷺ کے کسی حکم کی نافرمانی نہ کریں گی۔(وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ)

CHECKING ایک شرط لکھنے کا ایک نمبر (چار شرائط درکار ہیں)

HINTS کل نمبر 4

5 **اَلصَّلَاةُ عِمادُ الدِّينِ مَنْ أقَامَها فَقَدْ أقَامَ الدِّينَ،وَمنْ هَدمَها فَقَد هَدَمَ الدِّينَ حدیث مبارکہ کا ترجمہ کریں۔نماز اور فلاح کی طرف بلانے والے کو کیا کہتے ہیں؟**

POSSIBLE 1۔ترجمہ: نماز دین کا ستون ہے۔جس نے اسے قائم کیا اس نے گویا دین کو قائم کیا، جس نے اسے ڈھایا اس نے گویا دین کو ڈھایا۔

ANSWER 2۔مؤذن

اَلصَّلَاةُ عِمادُ الدِّينِ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر

مَنْ أقَامَها فَقَدْ أقَامَ الدِّينَ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر

CHECKING وَمنْ هَدمَها فَقَد هَدَمَ الدِّينَ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر

HINTS مؤذن لکھنے کا ایک نمبر

کل نمبر 4

6 **کُل مال میں کتنے فی صد زکوٰۃ واجب ہے؟صاحبِ نصاب سے کیا مراد ہے؟دو مصارفِ زکوٰۃ کے نام لکھ کر وضاحت تحریر کریں؟**

1۔ڈھائی فیصد / چالیسواں حصہ

POSSIBLE 2۔جس عاقل بالغ مسلمان کے پاس صرف ساڑھے سات تولہ سونا ہو اس پر سال گزر جائے اسے صاحبِ نصاب کہتے ہیں۔یا

ANSWER ایسا شخص جس کے پاس صرف ساڑھے باون تولہ چاندی ہو اور اس پر سال گزر جائے اسے صاحبِ نصاب کہتے ہیں۔یا

ایسا شخص جس کے پاس سونا اور چاندی دونوں کچھ کچھ ہوں / ان کے ساتھ مالِ تجارت یا نقدی ہو، یا صرف نقدی یا مالِ تجارت ہو، یعنی ساڑھے باون تولہ چاندی کی جو موجودہ قیمت بنتی ہے اس کے برابر یا اس سے زائد نقد رقم یا مال تجارت ہو تو اسے صاحب نصاب کہا جائے گا اور اس نصاب پر سال گزرنے پر زکوٰۃ لازم ہو گی۔

3۔ مصارفِ زکوٰۃ / وضاحت

1۔ فقراء۔ وہ تنگ دست لوگ جن کے پاس کچھ بھی نہ ہو ان کی مدد کرنا

2۔ مساکین۔ وہ لوگ جو زندگی کی بنیادی ضرورتوں سے محروم ہوں ان کی مدد کرنا

3۔ عاملین زکوٰۃ: وہ لوگ جو زکوٰۃ کی وصولی پر متعین ہیں ان کو تنخواہ دینا

4۔ مؤلفۃ القلوب: نو مسلموں کی مدد کرنا تاکہ ان کے دل اسلام کی طرف مائل ہوں

5۔ فی الرقاب: غلاموں اور قیدیوں کے آزاد کرنے میں خرچ کی جائے

6۔ الغارمین: بے گھر اور مفلس لوگوں کے قرضے کو چکانے میں صرف ہو

7۔ فی سبیل اللہ: اللہ کی راہ میں جہاد کرنے اور تبلیغ اسلام کے لئے سفر کرنے والوں کی مدد کی جائے

8۔ ابن سبیل: مسافر جو اپنے سفر کے دوران روپیہ نہ رکھتا ہو اگرچہ گھر میں سب کچھ موجود ہو۔

CHECKING HINTS: شرح فیصد لکھنے کا ایک نمبر، صاحبِ نصاب کی تعریف لکھنے کا ایک نمبر، ایک مصرف کی وضاحت لکھنے کا ایک نمبر (دو مصارف کی وضاحت درکار ہے)
کل نمبر 4

7 **عائلی زندگی سے کیا مراد ہے؟ 'احصان' کا لغوی مطلب کیا ہے؟ قرآنِ مجید میں 'احصان' کا لفظ کس کے لئے اور کیوں استعمال کیا گیا ہے؟**

POSSIBLE ANSWER

1۔ خاندانی زندگی

2۔ قلعہ بند ہو کر محفوظ ہو جانا

3۔ رشتۂ ازدواج کے لئے

4۔ اس لئے کہ رشتہ ادواج غیر اخلاقی حملوں سے محفوظ ہونے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔

CHECKING HINTS: عائلی زندگی کا مطلب لکھنے کا ایک نمبر، احصان کا مطلب لکھنے کا ایک نمبر، رشتۂ ازدواج لکھنے کا ایک نمبر، وجہ لکھنے کا ایک نمبر
کل نمبر 4

8 **نبی اکرم ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر عورتوں کے جو حقوق ارشاد فرمائے ان میں سے چار حقوق تحریر کریں۔**

POSSIBLE ANSWER

1۔ اچھا کھانا کھلانا

2۔ رواج کے مطابق اچھا پہنانا

3۔ عورتوں سے نیک سلوک کرنا

4۔ عورتوں کے معاملے میں فراخ دلی سے کام لینا

5۔ خواتین کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو

CHECKING HINTS: ایک حق لکھنے کا ایک نمبر (چار حقوق درکار ہیں)
کل نمبر 4

حصہ۔ج

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے صرف 2 سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

نمبر: 16

2۔(الف) **الف۔ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِي تُظَاهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ ذَلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِأَفْوَاهِكُمْ آیت کریمہ کا ترجمہ کریں ۔ آیت کریمہ میں کون سے دو احکام دیئے گئے ہیں؟**

POSSIBLE ANSWER

الف) ترجمہ: اور نہ تمہاری عورتوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھے ہو تمہاری ماں بنایا ہے اور نہ تمہارے لے پالکوں کو تمہارے بیٹے بنایا ہے یہ سب تمہارے منہ کی باتیں ہیں۔

احکام

1۔ ظہار سے بیوی ماں کی طرح نہیں ہو جاتی۔

2۔ لے پالک حقیقی بیٹا نہیں ہوتا۔

CHECKING HINTS

وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِي تُظَاهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر

وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ ذَلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِأَفْوَاهِكُمْ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر

ایک حکم لکھنے کا ایک نمبر (دو احکام درکار ہیں)

کل نمبر 4

2(ب) **قرآن وسنّت کی روشنی میں بیوی کے دو فرائض اور دو حقوق تحریر کریں۔**

POSSIBLE ANSWER

بیوی کے فرائض:

1۔ شوہر کی فرمانبردار ہونا(فَالصَّالِحَاتُ قَانِتَاتٌ)

2۔ شوہر کی عدم موجودگی میں اس کے گھر کی حفاظت کرنا/ اپنی عزت کی حفاظت کرنا(حَافِظَاتٌ لِلْغَيْبِ)

بیوی کے حقوق:

1۔ بیوی کے نان نفقہ کا خیال رکھنا

(الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللّهُ بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَبِمَا أَنفَقُواْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ)

2۔ بیوی کے مہر کی رقم ادا کرنا(وَآتُوا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً)/(وَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ)

3۔ بیوی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا(وعاشروھن بالمعروف)

3۔ بیوی پر ظلم وزیادتی نہ کرنا

4۔ بیوی کے لئے عدل واحسان کا رویہ اختیار کرنا

5۔ وراثت کے حقوق شریعت کے مطابق ادا کرنا(وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ)(فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُم):

CHECKING HINTS

ایک حق لکھنے کا ایک نمبر (دو حقوق درکار ہیں)

ایک فرض لکھنے کا ایک نمبر (دو حقوق درکار ہیں)

کل نمبر 4

3۔الف **لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ عِنْدَ فِطْرِهِ وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهِ حدیث مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ افطار کے وقت کی خوشی سے کیا مراد ہے؟**

POSSIBLE 1۔ترجمہ:روزہ دار کے لئے دوخوشیاں ہیں۔ایک خوشی اس کے افطار کے وقت اور ایک خوشی اپنے رب سے ملاقات کے وقت

ANSWER 2۔سارادن اللہ کی رضا کی خاطر بھوک پیاس برداشت کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے فیض یاب ہونے کی خوشی

CHECKING للصَّائِمِ فَرْحَتَانِ کاترجمہ لکھنے کاایک نمبر

HINTS فَرْحَةٌ عِنْدَ فِطْرِهِ کاترجمہ لکھنے کاایک نمبر

وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهِ کاترجمہ لکھنے کاایک نمبر

افطار کے وقت کی خوشی کامطلب لکھنے کاایک نمبر

کل نمبر4

3(ب) سورۃ الممتحنہ میں اللہ تعالیٰ نے کن لوگوں سے دوستی کرنے سے منع کیاہے؟

POSSIBLE جن لوگوں سے دوستی کرنا منع ہے:

ANSWER 1۔جن لوگوں نے آپ کے ساتھ دین کے بارے میں جنگ کی۔(الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ)

2۔جن لوگوں نے آپ کوگھروں سے نکالا۔(وَأَخْرَجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ)

3۔آپ کوگھروں سے نکالنے میں اوروں کی مدد کی۔(وَظَاهَرُوا عَلَى إِخْرَاجِكُمْ أَنْ تَوَلَّوْهُمْ)

4۔جن لوگوں پر اللہ تعالیٰ کاغضب ہوا۔ (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ)

CHECKING دوستی نہ کرنے کی ایک وجہ لکھنے کاایک نمبر(چاروجوہات درکارہیں)

HINTS کل نمبر4

4(الف) وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَى وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِينَ الزَّكَاةَ وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَه: آیت کریمہ میں مومنین عورتوں کودی گئی ہدایات میں سے چار تحریر کریں۔

POSSIBLE 1۔بلاضرورت گھروں سے نہ نکلیں /گھروں میں ٹھہری رہیں / پردہ کریں۔(وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ)

ANSWER 2۔اگر ضرورت کے تحت گھر سے نکلناپڑے تو دور جاہلیت کی طرح زیب وزینت نہ دکھائیں۔(وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَى)

3۔ نماز قائم کریں۔ (وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ)

4۔زکوٰۃ اداکریں۔(وَآتِينَ الزَّكَاةَ)

5۔اللہ اوراس کے رسول کی اطاعت کریں۔(وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَه)

CHECKING ایک ہدایت لکھنے کاایک نمبر(چار ہدایات درکارہیں)

HINTS کل نمبر4

4(ب) شکر کالغوی معنیٰ کیاہے؟شکر اداکرنے کے تین طریقے تحریر کریں۔

POSSIBLE 1۔کسی کے احسان پر اس کی تعریف کرنا

ANSWER شکر اداکرنے کے طریقے:

1۔زبان سے شکر اداکرنا

2۔دل سے شکر اداکرنا

3۔عمل سے شکر اداکرنا

CHECKING شکر کا لغوی معنیٰ لکھنے کا ایک نمبر

HINTS شکر ادا کرنے کا ایک طریقہ لکھنے کا ایک نمبر (تین طریقے درکار ہیں)

کل نمبر 4